**1089-A07-ISC-R-N-15**

B.Com. DEGREE EXAMINATION NOVEMBER 2015.

First Semester

**URDU BASIC**

Time : Three hours

Maximum : 80 marks

نصابی کتب: ۱۔ منتخبات جامعہ اردو (حصہ دوم)

۲۔ نمائندہ مختصر افسانے

ہدایات: تمام سوالات لازمی ہیں۔

نشانات بائیں جانب درج ہیں۔

1. صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ (10 × 1 = 10)

(a) سرسید کہاں پیدا ہوئے؟

(i) دہلی (ii) علی گڑھ

(iii) لکھنؤ (iv) بجنور

(b) رسالہ "تہذیب الاخلاق" کس نے جاری کیا؟

(i) حالی (ii) سرسید

(iii) شبلی (iv) آزاد

(c) غالب کو حیوان ظریف کس نے کہا ہے؟

(i) شبلی (ii) آزاد

(iii) حالی (iv) نذیر احمد

(d) توبۃ النصوح کس کی تصنیف ہے؟

(i) پریم چند (ii) عبدالحلیم شرر

(iii) راشد الخیری (iv) نذیر احمد



**P.T.O.**

Scanned by CamScanner

(e) غزل کا پہلا شعر کیا کہلاتا ہے؟

(i) مطلع (ii) حسن مطلع

(iii) مقطع (iv) تعلی

(f) خدائے سخن کس کا لقب ہے؟

(i) غالب (ii) میر

(iii) ذوق (iv) سودا

(g) گئو دان کس کا لکھا ناول ہے؟

(i) بیدی (ii) کرشن چندر

(iii) پریم چند (iv) عصمت چغتائی

(h) رگھوپتی سہائے کس شاعر کا اصلی نام ہے؟

(i) آزاد (ii) محروم

(iii) بیدی (iv) فراق

(i) کالے صاحب کس کا افسانہ ہے؟

(i) اپندر ناتھ اشک (ii) علی عباس حسینی

(iii) پریم چند (iv) سہیل عظیم آبادی

(j) گوبردھن کس کہانی کا مرکزی کردار ہے؟

(i) آئی۔سی۔ایس۔ (ii) جینے کے لئے

(iii) فٹ پاتھ (iv) نمک کا داروغہ



Scanned by CamScanner

2. (a) غالب کے کس انداز تحریر نے ان کے مراسلوں کو مکالمہ بنا دیا ہے۔ مثالوں کے ساتھ تفصیل سے لکھیے۔ (1 × 15 = 15)

یا

(b) زیب النساء بیگم کی تعلیم وتربیت اور اس کی علمی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

3. بحوالہ متن کسی چار جملوں کی وضاحت کیجیے۔ (4 × 2½ = 10)

(a) "کیوں صاحب، روٹھے ہی رہو گے یا کبھی منو گے بھی اور کسی طرح نہیں منتے تو روٹھنے کی وجہ تو لکھو"۔

(b) "خدا ان کی مدد کرتا ہے جو آپ اپنی مدد کرتے ہیں"۔

(c) "دنیا میں ہر چیز کی کچھ نہ کچھ تلافی ہے۔ مگر نہیں ہے تو وقت کی"۔

(d) "پان کی گلوری اس کا لازمی سنسکار ہو گیا، ترکوں کا دربار اندر سبھا کا تماشا تھا"۔

(e) "قرض نے دولت کو پاؤں تلے کچل ڈالا، چاروں طرف مایوسانہ نگاہیں، غش کھا کر وہ زمین پر گر پڑے"۔

(f) "ہندوستان ایک دلہن کی مانند ہے، جس کی خوبصورت اور رسیلی دو آنکھیں ہندو اور مسلمان ہیں۔

4. کسی تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ (3 × 5 = 15)

(a) اشک آنکھوں میں کب نہیں آتا
لہو آتا ہے جب نہیں آتا

(b) دل کی کدورتیں اگر انساں سے دور ہوں
سارے نفاق گبر و مسلماں سے دور ہوں

(c) کتنے شیریں ہیں تیرے لب کہ رقیب
گالیاں کھا کے بے مزا نہ ہوا





Scanned by CamScanner

(d) کب تک کسی کے نازِ تغافل اٹھایئے
کیا امتحانِ صبر کی کچھ انتہا نہیں

(e) کیا آگیا خیال دلِ بے قرار میں
خود آشیاں کو آگ لگا دی بہار میں

5. (a) کسی ایک افسانے پر اظہارِ خیال کیجئے: (1 × 10 = 10)

(i) نمک کا داروغہ

(ii) آئی۔سی۔ایس

(iii) جینے کے لئے

(b) کسی دو کرداروں پر نوٹ لکھئے: (2 × 5 = 10)

(i) رکشہ والا (ii) بنسی دھر

(iii) حمید (iv) گوبردھن

6. (a) اپنے والد کو ایک خط لکھئے جس میں اپنی تعلیمی سرگرمیوں کا حال تفصیل سے بیان کیجئے۔ (1 × 10 = 10)

یا

(b) اپنے مکان کے تعمیری قرض کے لئے کسی بنک مینجر کے نام ایک درخواست لکھئے۔

---



Scanned by CamScanner